Press Release
پریس ریلیز

मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی حیدرآباد 032 500۔تلنگانہ
فون:۔040-23006606 ‘23006612-15 (104)‘ فیکس:23006606‘ ای میل:۔manuupro1@yahoo.com‘ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

17/ اکتوبر 2018

اُردو یونیورسٹی میں فاصلاتی کورسز۔ 20/ اکتوبر آخری تاریخ

اردو، عربی، اسلامک اسٹڈیز کے علاوہ انگریزی، ہندی اور تاریخ میں پوسٹ گریجویٹ کورسز دستیاب

حیدرآباد، 17/ اکتوبر (پریس نوٹ) نظامت فاصلاتی تعلیم‘ مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے مختلف فاصلاتی کورسز میں آن لائین داخلوں کا عمل 20/ اکتوبر کو اختتام کو پہنچے گا۔

ای پراسپکٹس اور آن لائن درخواست فارم ویب لنک **http://manuu.ac.in/admissions/odl2018** پر دستیاب ہے۔

پروفیسر پی فضل الرحمٰن، انچارج ڈائرکٹر نظامت فاصلاتی تعلیم کے بموجب، خواہشمند طلبا ایم اے (اردو، انگریزی، تاریخ، عربی، اسلامک اسٹڈیز، ہندی)، بی اے، بی ایس سی (لائف سائنسز)، بی ایس سی (فزیکل سائنسز)، بی کام، ایک سالہ ڈپلومہ (ٹیچ انگلش اور جرنلزم و ماس کمیونیکیشن) اور چھ ماہی سرٹی فکیٹ کورسز (اہلیت اردو بذریعہ انگریزی اور فنکشنل انگلش) میں 20 اکتوبر تک آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔

مزید تفصیلات کے لیے ہیلپ لائن 040-23008463 اور صرف اوقات دفتر میں 6301910770 پر یا صرف ایس ایم ایس کے لیے 9100677222 پر ربط پیدا کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ طلبہ حیدرآباد، نئی دہلی، کولکتہ، بنگلور، ممبئی، پٹنہ، دربھنگہ (بہار)، بھوپال، رانچی، امراوتی، سری نگر (جموں و کشمیر)، جموں، لکھنؤ میں واقع یونیورسٹی کے ریجنل/ سب ریجنل سنٹرس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ریجنل و سب ریجنل سنٹرس کے فون نمبرات ای پراسپکٹس سے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

عابد عبدالواسع
پبلک ریلیشنز آفیسر